© rasailojaraid.com



قارئین

# افکار و تاثرات

**مکاتیب بخاریؒ و آزاد** | مسلم اکادمی کے اشاعتی پروگرام میں سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ اور مولانا آزاد کے خطوط کی الگ الگ مجموعوں میں اشاعت شامل ہے غیر مطبوعہ مکاتیب رکھنے والے حضرات سے ایسے مکتوبات ارسال فرمانے کی اپیل ہے جنھیں ایک ہفتہ کے اندر اندر واپس کر دیا جائیگا (مسلم اکادمی ۱۹/۵۹۱ وزیر پورہ سیالکوٹ)

**دعائے مغفرت کی اپیل** | میرے والد محترم الحاج مولانا محمد محراب شاہ صاحب فاضل مدرسہ عربیہ اندر کوٹ میرٹھ ۱۸ رجب ۱۴۰۹ھ کو بعمر اسی سال وفات فرماگئے۔ مرحوم اکابر کا نمونہ تھے، زندگی عبادت و مطالعہ میں گذری دعا کی اپیل ہے۔ (حافظ سید احمد شاہ صاحب خریداری نمبر ۳۹۳)

✱ — میرے والد ماجد حضرت مولانا عبدالعزیز عرف بیٹی خان مرحوم ۱۳ رجب کو وفات پا گئے، مرحوم نے میرو وغیرہ میں ابتدائی تعلیم کے بعد ۱۹۲۰ء میں دارالعلوم دیوبند سے فراغت پائی اس کے بعد دارالعلوم نے ایک خاص جماعت کے ساتھ بھیجا واپسی پر آپ بنگال میں مدرس مقرر ہوئے شیخ الہندؒ کے تحریک کے سلسلہ میں افغانستان بھی رہے چالیس برس تک علوم و فنون پڑھاتے رہے کوہستان علاقوں کے اکثر علماء آپ کے شاگرد ہیں، آپ کے فرزندان میں چار جامعہ اشرفیہ کے فارغ التحصیل ہیں اور الحمد للہ دینی و علمی مشاغل میں مصروف ہیں (محمد نعیم ۔ گکراشنگ ۔ بگرام ہزارہ)

**حافظ الپوری** | الحق میں ڈاکٹر سعید اللہ قاضی صاحب کے مضمون "پشتو میں سیرت کی کتابیں" میں کی باتیں قابل تصحیح ہیں (۱) حافظ الپوری صاحب کا نام معظم خان نہیں بلکہ عبدالمعتمد تھا۔ (۲) آپ نابینا نہ تھے بلکہ حافظ تخلص رکھتے تھے حافظ قرآن بھی تھے (۳) ان کی تاریخ ولادت و وفات غیر معلوم نہیں بلکہ ولادت ۱۱۲۸ھ میں اور وفات ۱۲۱۵ھ


**داخلہ**

مدرسہ عربیہ تعلیم الدین میں حسب دستور نیا داخلہ ۱۰ شوال سے شروع ہوگا ۔ بذریعہ خط معلومات حاصل کریں ۔

**عبدالرشید** ناظم مدرسہ عربیہ تعلیم الدین (رجسٹرڈ) بھیرہ ضلع سرگودہا


© rasailojaraid.com